مقالہ ہذا میں فیوض القرآن از سید حامد حسن بلگرامی کا منہج واسلوب کا جائزہ لیا گیا ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

مقالہ چار ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔

باب اول میں سید ڈاکٹر حامد حسن بلگرامی اور فیوض القرآن کا تعارف ہے۔اس باب میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں سید ڈاکٹر حامد حسن بلگرامی کی حیات وخدمات کا بیان ہے۔اور دوسری فصل میں فیوض القرآن کا تعارف ہے۔ فصل سوم کا عنوان ''فیوض القرآن کے امتیازات'' ہے۔

باب دوم میں مکی سورتوں کی تفسیر کا منہج واسلوب فیوض القرآن کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔اس باب کی تین فصول ہیں۔پہلی فصل مکی سورتوں کے تعارف پر مبنی ہے۔دوسیر فصل فیوض القرآن میں عقائد ثلاثہ کے بیان پر مشتمل ہے اور تیسری فصل عقائد ثلاثہ کے بیان میں منہج تفسیر پر مشتمل ہے۔

باب سوم میں مدنی سورتوں کی تفسیر کا منہج واسلوب فیوض القرآ کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔اس کی بھی تین فصول ہیں۔پہلی فصل مدنی سورتوں کا تعارف اور دوسری فصل مدنی سورتوں کے تفسیری مضامین اور تیسری فصل 'عبادات مناکحات اور معاملات کے بیان میں منہج تفسیر پر مشتمل ہے۔

باب چہارم میں اخلاقیات کی تفسیر کا منہج واسلوب بیان کیا ہے۔یہ بات دو فصول پر مشتمل ہے۔پہلی فصل فضائل و رذائل اخلاق کے بیان میں منہج تفسیر پر مشتمل ہے اور دوسیر فصل میں فیوض القرآن کے دیگر متفرقات کا بیان ہے۔